① DIRECTORATE OF EDUCATION, GNCT of DELHI

MID TERM PRACTICE QUESTION PAPER

Session : 2025-26.

Class : VII

Subject : Urdu - I

Time : 2:30 hrs. M.M. 60.

عام ہدایات:

1- سبھی سوالات لازمی ہیں۔

2- ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

3- جواب تحریر کرتے وقت خوشخط اور صفائی کا خاص خیال رکھیں۔

1- درج ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق دیئے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے درست جواب تلاش کر کے لکھیے۔ 5x1=5.

"ہم لوگ حضرت نظام الدین ریلوے اسٹیشن سے تاج ایکسپریس کے ذریعہ آگرہ کے لیے روانہ ہوئے۔ آگرہ ریلوے اسٹیشن سے ٹیکسی لے کر تاج محل کے لیے روانہ ہوئے۔ مگر ٹیکسی کو تاج محل سے دو کلو میٹر دوری پر ہی روک دیا گیا تاکہ پیٹرول اور ڈیزل سے چلنے والی گاڑیوں سے تاج محل کا حسن متاثر نہ ہو، آخر کار بیٹری سے چلنے والی گاڑی کے ذریعے تاج محل پہنچے، ٹکٹ خریدا اور چیکنگ کرانے کے بعد اندر داخل ہوئے تو اپنے خوابوں کو حقیقت میں دیکھ کر حیران رہ گئے۔ ہمیں یقین ہی نہیں آرہا تھا کہ ہم تاج محل کے سامنے کھڑے ہیں۔"

(i) تاج ایکسپریس سے کہاں کے لیے روانہ ہوئے؟

(a) ممبئی (b) لکھنؤ (c) کلکتہ (d) آگرہ

(ii) آگرہ میں کون سی خوبصورت عمارت مشہور ہے؟

(a) لال قلعہ (b) جامع مسجد (c) تاج محل (d) پرانا قلعہ

(iii) ٹیکسی کو تاج محل سے کتنی دوری پر روک دیا گیا؟

(a) ایک کلو میٹر (b) دو کلو میٹر (c) تین کلو میٹر (d) چار کلو میٹر

(iv) تاج محل تک کون سی گاڑی سے پہنچے؟

(a) بیٹری سے چلنے والی (b) ڈیزل سے چلنے والی (c) پیٹرول سے چلنے والی۔

(d) گیس سے چلنے والی۔

(v) کون سے ریلوے اسٹیشن سے سفر کا آغاز کیا؟

(a) نئی دہلی (b) پرانی دہلی (c) حضرت نظام الدین (d) آنند وہار

②

2- درج ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق دیئے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے درست جواب تلاش کرکے لکھیے۔ 5x1=5

ٹہنی پہ کسی شجر کی تنہا ۔۔۔ بلبل تھا کوئی اداس بیٹھا
کہتا تھا کہ رات سر پہ آئی ۔۔۔ اڑنے چگنے میں دن گزارا
پہنچوں کس طرح آشیاں تک ۔۔۔ ہر چیز پہ چھا گیا اندھیرا۔
سن کر بلبل کی آہ وزاری ۔۔۔ جگنو کوئی پاس ہی سے بولا
حاضر ہوں مدد کو جان و دل سے ۔۔۔ کیڑا ہوں اگرچہ میں ذرا سا۔

(i) بلبل اداس ہو کر کہاں بیٹھا تھا؟
(a) مینار پر (b) پھول پر (c) دیوار پر (d) ٹہنی پر

(ii) بلبل کو کس بات کی فکر ستا رہی تھی؟
(a) کہ رات ہو گئی ہے (b) اندھیرا چھا گیا ہے (c) آشیاں تک کیسے پہنچے
(d) سب سو گئے ہیں۔

(iii) بلبل نے اپنا دن کس حالت میں گزارا؟
(a) پانی میں نہانے میں (b) اڑنے چگنے میں (c) باغ میں آرام کرنے میں
(d) پرندوں کے ساتھ کھیلنے میں۔

(iv) جگنو بلبل کی آواز سن کر کیوں بولا؟
(a) کیونکہ بلبل آہ وزاری کر رہا تھا (b) بلبل چہک رہا تھا۔
(c) بلبل گا رہا تھا۔ (d) بلبل سو رہا تھا۔

(v) بلبل سے جگنو نے کیا کہا؟
(a) وہ روئے نہیں (b) وہ گھبرائے نہیں (c) اسے اپنے ساتھ سلائے گا۔
(d) وہ اس کی مدد کرے گا۔

3- درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق دیئے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے درست جواب تلاش کرکے لکھیے۔ 5x1=5

سالم علی کا اصل نام معز الدین عبدالعلی تھا۔ وہ 12 نومبر 1896 کو پیدا ہوئے۔ زندگی بھر انھیں پرندوں سے دلچسپی رہی۔ انھیں پوری دنیا میں پرندوں کا ایک بہت بڑا عالم سمجھا جاتا ہے۔ سالم علی لمبے عرصے تک پرندوں کا مطالعہ کرتے رہے۔ بچپن ہی سے سالم علی ہندوستانی پرندوں پر ایک کتاب لکھنا چاہتے تھے۔ چنانچہ 1941 میں انھوں نے 'دی بک آف انڈین برڈس' کے نام سے ایک انتہائی دلچسپ کتاب لکھی۔ اس میں رنگین تصویروں کے ذریعے پرندوں کی پہچان کرائی گئی ہے۔ 1976 میں سالم علی کو پدم وبھوشن کا اعزاز ملا۔

(3)

(i) سالم علی کا اصل نام کیا تھا؟

(a) مفیض الدین عبد العلی (b) معین الدین عبد العلی

(c) معز الدین عبد العلی (d) محسن الدین عبد العلی

(ii) سالم علی کب پیدا ہوئے؟

(a) 12 نومبر 1895 (b) 12 نومبر 1896

(c) 12 دسمبر 1896 (d) 12 دسمبر 1897

(iii) سالم علی لمبے عرصے تک کن کا مطالعہ کرتے رہے؟

(a) پرندوں کا (b) جانوروں کا (c) کیڑوں کا (d) مچھلیوں کا۔

(iv) سالم علی نے " دی بک آف انڈین برڈس " کتاب کب لکھی؟

(a) 1941 (b) 1949 (c) 1945 (d) 1956

(v) سالم علی کو کون سا اعزاز ملا؟

(a) پدم شری (b) پدم بھوشن (c) ویر چکر (d) بھارت رتن

4- درج ذیل شعری حصے کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق دیئے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے درست جواب تلاش کر کے لکھیے۔ 5x1=5

یہ میرا وطن ہے ، یہ میرا وطن

وہ چڑیا ، وہ طوطا ، وہ مینا ، وہ مور
وہ کوئل ، وہ بلبل ، وہ قمری ، چکور
وہ جھیلوں کی لہریں ، وہ دریا کا زور
وہ جھرنوں کا گرنا ، وہ پانی کا شور
وہ سرسبز اس کے پہاڑ اور بن
یہ میرا وطن ہے ، یہ میرا وطن

(i) مذکورہ نظم کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(a) نظیر اکبرآبادی (b) اسمٰعیل میرٹھی (c) شفیع الدین نیر (d) اقبال۔

(ii) نظم میں دریا کی کیا خصوصیت بیان ہوئی ہے؟

(a) خوشبو (b) ذائقہ (c) رنگ (d) زور

(iii) شاعر نے وطن کے کس پہلو پر زیادہ زور دیا ہے؟

(a) قدرتی حسن (b) مذہبی (c) سیاسی (d) ارتقائی

(iv) نظم میں وطن کے پہاڑ اور بن کس رنگ کے ہیں؟

(a) زرد (b) نیلگوں (c) کالے (d) سرسبز

(v) نظم میں وطن کے کس قدرتی نظارے کا ذکر نہیں کیا گیا ہے؟

(a) دریا (b) جھرنے (c) پرندے (d) صحرا۔

5 - درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر ۱۰۰ الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھیے۔ 5

(a) پسندیدہ تہوار (b) آپ کا پسندیدہ کھیل (c) ۱۵ اگست۔

6 - آگرہ جانے کے لیے پرنسپل صاحب کے نام چھٹی کی درخواست لکھیے۔ 5

یا

چھوٹے بھائی کی شادی میں شرکت کے لیے دوست کو خط لکھیے۔

7 - دی ہوئی ہدایات کے مطابق درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ 5×2 =10.

(i) نیچے دیئے گئے الفاظ میں سے صرف دو کو جملوں میں استعمال کیجیے۔

سماں، خدمات، معلومات۔

(ii) نیچے دیئے گئے الفاظ میں سے صرف چار کے متضاد لکھیے۔

خوشبو، بادشاہ، برباد، آدھا، عقل مند

(iii) نیچے دیئے گئے الفاظ میں سے صرف چار کی واحد لکھیے۔

میوے، بلبلیں، چڑیاں، جھرنوں، مذاہب

(iv) وہ اسم جو کسی عام آدمی یا عام جگہ کے لیے استعمال ہو، اُسے ——— کہتے ہیں۔

(اسم خاص، اسم نکرہ، اسم معرفہ)

(v) نیچے دیئے گئے الفاظ میں سے صرف چار کا اِملا درست کیجیے۔

ھروک، باگات، کوسس، ہاسل، گریب

8 - درج ذیل سوالات میں سے صرف تین سوالوں کے جواب لکھیے 3×3=9.

(i) پھول والوں کی سیر کا میلہ ہمارے لیے کیوں اہم ہے؟

(ii) مکھن نے بابا بھارتی کے بارے میں کیا سوچ کر گھوڑا ان کے اصطبل میں باندھ دیا؟

(iii) تڑاقے کی دھوپ سے کیا مراد ہے؟

(iv) شاعر نظم "میرا وطن" میں کیا پیغام دینا چاہتا ہے؟

9 - درج ذیل سوالات میں سے صرف تین سوالوں کے جواب لکھیے 3×2=6

(i) لُو کیسی ہوا کو کہتے ہیں؟

(ii) سالم علی کے شکاری چچا کا نام کیا تھا؟

(iii) بوڑھا کہاں رہتا تھا؟

(iv) جوگ مایا اور خواجہ بختیار کاکی کی درگاہ کہاں واقع ہے؟

۱۵- خالی جگہوں کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کیجیے۔ 5×1=5

صحافی - برسات - پھول والوں کی سیر - بھوک - کراہ۔

(i) ایک اپاہج درخت کے سائے کے تلے پڑا ــــــ رہا تھا۔

(ii) بوڑھے کے بدن میں گرمی آئی تو اس کی ــــــ اور بڑھ گئی۔

(iii) حسرت موہانی ایک کامیاب شاعر اور بے باک ــــــ تھے۔

(iv) ــــــ سبھی مذہب کے لوگ مناتے ہیں۔

(v) یہ میلہ ــــــ کے موسم میں ہوتا تھا۔

ــــــ x ــــــ x ــــــ